درود و سلام
کا حسین مجموعہ



حضرت مولانا مفتی عبد الرؤف سکھروی مدظلہم

مکتبۃ الاسلام کراچی

انتساب

بندہ یہ انتہائی حقیر "ہدیہ" اور عقیدت و محبّت کا "نذرانہ" دونوں جہان کے سردار، میرے آقا و مولا جنابِ رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمتِ عالیہ میں پیش کرتا ہے جن پر میرے ماں، باپ فدا ہوں، اور اس کتاب کی ان کی طرف نسبت کرتا ہے، خدا کرے بارگاہِ خداوندی میں قبول ہو اور فقیر کی کشتی پار لگ جائے۔ آمین

بندہ عبدالرّؤف سکھروی

درود و سلام

کا

حسین مجموعہ

ترتیب

عبدالرؤف سکھروی

نائب مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

ناشر

مکتبۃ الاسلام کراچی

حُقوقِ طبع محفُوظ

باہتمام شاہ محمود

مطبع الَقادِر پرنٹنگ پریس، کراچی فون 021-32723748

ناشر مکتبۃُ الاِسلام، کراچی

کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی فون 0300-8245793

ای میل maktabatulislam@gmail.com

ویب سائٹ www.maktabatulislam.com

ملنے کے پتے

- اِدارۃُ المعارِف، دارُالعلوم کراچی
- دارُالاِشاعت، اُردو بازار، کراچی

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ مؤلّف

علّامہ مخدوم محمدؒ ہاشم سندھی رحمۃ اللہ علیہ کا درود و سلام پر مشتمل فارسی رسالہ "ذَرِیعَۃُ الوُصُولِ اِلٰی جَنَابِ الرَّسُوْلِ" صلی اللہ علیہ وسلم، جس کا اردو زبان میں سلیس ترجمہ حضرت مولانا محمدؒ یُوسُف لدھیانوی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے جو بہت ہی نافع اور مفید ہے۔

احقر کے ایک محسن اور کرم فرما جناب عباس خاں صاحب نے چھوٹے چھوٹے چالیس درود شریف مع فضائل لکھنے کی فرمائش کی، اور اس کا ایک نمونہ بھی دکھلایا جو ناچیز کو بہت پسند آیا، اُسی وقت ان کی فرمائش پورا کرنے کا وعدہ کرلیا، اور حضرت مخدوم صاحبؒ کے مذکورہ مترجم رسالہ سے پینتالیس درود شریف منتخب کرلیے اور ہر درود شریف کے لیئے مذکورہ رسالہ کا حوالہ دے دیا جہاں اس کی پوری فضیلت یا فائدہ اور سندی حیثیت مذکور ہے بوقتِ ضرورت اس کی مراجعت کرلی جائے، ناچیز نے اس کا خلاصہ لیا ہے، اور بعض درود شریف

"زادُ السّعید" اور "فضائل درود" سے لئے ہیں، ان کا حوالہ بھی لکھ دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کی خاص توفیق ومہربانی سے درود وسلام کا یہ حسین مجموعہ بروزِ جمعہ ۸ر رمضان المبارک ۱۴۱۷ھ کو اذانِ مغرب سے ۱۲ منٹ پہلے مکہ مکرمہ میں خانۂ کعبہ کے سامنے مکمل ہوا۔

فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَلَهُ الشُّکْرُ دَائِمًا اَبَدًا۔

دل وجان سے ربِّ کائنات جلّ وعلا شانہ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ اس چھوٹے سے مجموعہ کو عام مقبولیت عطا فرما کر اپنی رحمتِ کاملہ، مغفرتِ کاملہ اور رضاءِ کاملہ کا ذریعہ بنائیں اور محبوبِ کائنات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی اور شفاعت کا باعث بنائیں۔ آمین

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَی النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

ناکارہ، بندۂ ضعیف

عبد الرؤف سکھروی غفرلہ ولوالدیہ

نزیل مکۃ المکرمۃ زادھا اللہ شرفا

۱۱/ ۹/ ۱۴۱۷ھ

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان ، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا اِرشاد

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۝

(احزاب ۵۶)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اُسکے فرشتے نبی (اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) پر رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو تم بھی ان پر درود بھیجا کرو اور خُوب سلام بھیجا کرو (تاکہ ان کا حقِّ عظمت ادا ہو)۔

دُرود و سلام پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

۱

درودِ ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ (صحاح ستہ)

یہ درود شریف سب سے زیادہ صحیح اور سب سے افضل ہے۔ (ص ۱۹)

۲


حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا ، اس کے لئے حضور کی شفاعت واجب ہوگی

(ص ۳۹)



غارِ ثور کا اندرونی و بیرونی منظر

۳


حضور ﷺ کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ

فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی

قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اسکو خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ (ص ۲۴)



مدینہ منورہ جانے والے نئے راستہ کا خوبصورت منظر

۴


روزی میں برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ ، وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اس کا مال بڑھ جائے وہ مذکورہ درود شریف پڑھا کرے ۔ (زاد السعید)



مدینہ طیبہ کے راستہ کا ایک خوبصورت ٹیلہ

۵

مسجد میں آنے اور جانے پر درود

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں جاتے یا مسجد سے
نکلتے تو یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ (ص ۵۵)




خلافتِ عثمانیہ کے دور کی مدینہ طیبہ کی نہایت قدیم تصویر جس میں مسجد نبوی نمایاں نظر آ رہی ہے

٦

مکمل درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

حضور اکرم ﷺ نے صحابہؓ سے ایک مرتبہ فرمایا تم نامکمل درود شریف نہ پڑھا کرو پھر صحابہ کرامؓ کے دریافت کرنے پر آپؐ نے مذکورہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ (ص ۴۴)



مدینہ منورہ کے آغاز میں جدید خوبصورت مسجد میقات


٧

دوزخ سے نجات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

حضرت خلاد رحمۃ اللہ علیہ جمعہ کے دن یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرتے تھے ان کے انتقال کے بعد ان کے تکیہ کے نیچے سے ایک کاغذ ملا جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خلاد بن کثیرؒ کے لئے دوزخ سے آزادی کا پروانہ ہے۔ (ص ۱۸۲)



مدینہ طیبہ میں داخل ہونے کا دروازہ


٨

جنّت میں ٹھکانہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ

جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ ، درود شریف پڑھنے والے کو مرنے سے پہلے جنّت میں اس کا ٹھکانہ دکھا دیا جائے گا۔ (ص ۸۲)



مسجد قبا یہ مسلمانوں کی سب سے پہلی مسجد ہے جس میں دو رکعت نفل کا ثواب عمرہ کے برابر ہے


٩

اسّی سال کی عبادت کا ثواب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ

اَلنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰى آلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

جمعہ کے دن جہاں نماز عصر پڑھی ہو اس جگہ اٹھنے سے پہلے اسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے سے اسّی سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔ (فضائلِ درود ص...)



مسجد جمعہ جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے جمعہ ادا فرمایا


۱۰

پریشانیاں دور ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ
وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ

یہ درود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پریشانی دور فرما دیتے ہیں۔ (ص ۱۱۴)



مدینہ طیبہ کی فضائی تصویر جس میں مسجد نبوی سب سے زیادہ نمایاں ہے


۱۱

مغفرت کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ

امام اسماعیل بن ابراہیم مُزَنیؒ نے حضرت امام شافعیؒ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا تو انہوں نے جواب دیا اس درود شریف کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا اور عزت و احترام سے جنت میں لیجانے کا حکم دیا۔ (زاد السعید)



مسجدِ نبوی اور اس کی جانب جانے والا راستہ


۱۲

ایمان کی حفاظت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِكَ

جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس درود شریف
کا وِرد رکھے تو اس کا ایمان جانے سے محفوظ ہوگا اِن شاءاللہ تعالیٰ (ص۱۵۲)



گنبدِ خضراء کا حسین رُخ، جسے دیکھ کر بے ساختہ دل سے درود و سلام نکلے


۱۴

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

صَلَاۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَاءً

جو شخص نمازِ فجر اور نماز مغرب کے بعد ۳۳-۳۳ بار یہ درود شریف پڑھے گا تو اس شخص کی قبر کے اور روضہ اقدس کے درمیان ایک کھڑکی کھول دی جائے گی اور روضہ اقدس کی راحت اس کو نصیب ہو گی۔ (ص ۱۵۳)



مسجد نبوی کا دلکش منظر، پس منظر میں مدینہ منورہ کی آبادی نظر آ رہی ہے


۱۴

ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

یہ درود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے۔ جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہو۔ (ص ۱۵۳)



مسجدِ نبوی اور گنبدِ خضراء کی پُرکشش تصویر


ہر درد کی دوا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ہر درد اور بیماری دور ہونے کے لئے اول و آخر مذکورہ درود شریف تین تین بار پڑھیں اور درمیان میں مع بسم اللہ سورۂ فاتحہ اور اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔

(ص ۱۶۰)



مسجد نبوی کے دو مشہور دروازے باب النساء اور باب جبرئیل

١٦

قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ


وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین باتیں حاصل ہوں گی۔

١۔ کبھی مقروض نہ ہوگا۔

٢۔ اگر قرض ہوگا تو وہ ادا ہو جائے گا خواہ جتنا بھی قرض ہو۔

٣۔ قیامت کے دن اس کا کوئی حساب نہ ہوگا۔ (ص ١٦٢)



بابِ جبرئیل کے اندر روضۂ مبارک کی جالیاں اور خوبصورت کٹہرا


۱۷

درود باعثِ زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِہٖ وَسَلِّمْ

جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس کو خواب میں رسالت مآب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زیارت ہوگی۔ پانچ یا سات جمعہ تک پابندی سے اسکو پڑھلیں۔ (ص ۱۶۲)



ریاض الجنۃ میں روضۂ مبارک کی جالیاں اور خوبصورت ستون


۱۸

جنّت کے پھل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

عَبْدِكَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

جو شخص روزانہ اس درود شریف کی پابندی کرے وہ جنّت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔ (ص ۱۷۳)




مسجدِ نبوی میں ریاض الجنۃ، محراب النبی اور منبر کا دلکش منظر

ہزار دن تک ثواب ملنا

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَجَزَاہُ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ثواب لکھنے والے ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھیں گے۔ (ص ۱۷۷)




حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ مبارک جہاں درود وسلام پیش کیا جاتا ہے

تمام درُودوں کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ کُلِّ ذِکْرِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ

یہ درود شریف پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سارے درود بھیجنے کے برابر ہے۔ (ص ۱۹۰)



مسجدِ نبوی کی دلکش محرابوں میں گنبدِ خضراء کا حسین رُخ


٢١

عرشِ عظیم کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

مِلْأَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْأَ الْاَرْضِ وَمِلْأَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر اور عرشِ عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔ (ص ١٨٢)



مسجدِ نبوی کی خوبصورت چھتریوں میں گنبدِ خضراء کی جھلک

۲۲

دنیا و آخرت کی برکات کا حصول


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ

حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

دنیا اور آخرت کی برکتیں حاصل کرنے کے لئے اپنے وظائف و معمولات کے ختم پر یہ درود شریف پڑھ لیا کریں

(ص ۱۹۲)



باب السلام سے اگر اندر مسجد نبوی کی طرف دیکھیں تو ستونوں اور محرابوں کی کتنی خوبصورت قطار


۲۳

چاند کی طرح چہرہ ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی

مِنْ صَلَوَاتِكَ شَیْءٌ وَّبَارِكْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَكَاتِكَ
شَیْءٌ وَّارْحَمِ النَّبِیَّ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَّحْمَتِكَ شَیْءٌ وَّسَلِّمْ عَلَی
النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِكَ شَیْءٌ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کا چہرہ پلصراط سے گذرتے وقت چاند سے زیادہ چمکدار ہو گا۔ (ص ۱۷۵)



مسجدِ نبوی کے بابُ السّلام اور بابِ صدیق اکبرؓ کا حسین رُخ


٢٣

کامل درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا درود شریف دریافت کیا جسکو کامل درود شریف کہا جا سکے تو آپ نے درودِ بالا تلقین فرمایا۔ (ص ۴۴)




جنت البقیع کی طرف سے کھینچی گئی گنبدِ خضراء کی خوبصورت تصویر

25

قُربِ خاص کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بٹھایا ، صحابہؓ کو اس پر تعجب ہوا تو آپ نے فرمایا یہ شخص مجھ پر مذکورہ درود شریف پڑھتا ہے ۔ (ص ۵۰)



یہ مسجدِ غمامہ ہے، جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی نماز پڑھتے تھے

٢٦


دعا قبول ہونا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ

وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّارْضَ عَنْهُ رِضًى لَّا سَخَطَ بَعْدَهٗ

جو شخص اذان کے وقت یہ درود شریف پڑھے گا اللّٰہ

تعالیٰ اسکی دعا قبول فرمائیں گے۔ (ص ۵۳)




مسجد نبوی کا شب کا ایک خوبصورت منظر

دعاءِ قنوت کے بعد درود شریف

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ

مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ

حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ... الخ والی
دعاءِ قنوت کے بعد مذکورہ الفاظ سے درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ (مدد)



مغرب کے بعد مسجد نبوی کا خوبصورت منظر


۲۸

مغفرت کا ذریعہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ

جو شخص چھینک آنے پر یہ درود شریف پڑھے گا تو منجانب اللہ ایک پرندہ پیدا ہوگا جو عرش کے نیچے پھڑپھڑائے گا اور عرض کرے گا کہ اس درود شریف کے پڑھنے والے کو بخش دیجئے۔ (ص ۵۸)



جبل اُحد جس کے دامن میں شہدائے اُحد آرام فرما ہیں

٢٩

تابعینؒ کا دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اَبِیْنَا اِبْرَاھِیْمَ

حضرت سُفیان بِن عُیینہؒ نے فرمایا :- میں نے ستّر سال سے زیادہ حضراتِ تابعین رحمہم اللہ کو دورانِ طواف یہ درود شریف پڑھتے ہوئے سُنا۔ (ص ١٠٠)



بیرِ عثمان جسے خرید کر حضرت عثمان غنیؓ نے مسلمانوں کیلئے وقف کیا


۳۰

دشواری دُور ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

کَمَا ھُوَ اَھْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ

جس شخص کو کوئی دشواری لاحق ہو اور وہ تنہائی میں باوضو یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دل سے دُعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ دشواری دور ہوگی۔ (ص ۱۴۹)



حضرت سلمان فارسیؓ کا باغ، جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے پودے لگائے تھے


۳۱

دس ہزار مرتبہ کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ

اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ (ص ۱۵۰)



جنت البقیع جس میں حضرت دائی حلیمہؓ کا مزار صاف نظر آ رہا ہے


۳۲

ایک ہزار دن تک ثواب

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَجَزَاہُ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ

جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ایک ہزار دن تک ستر فرشتے
اس کا ثواب لکھتے رہیں گے۔ (ص ۱۷۷)



بلندی پر مسجد الفتح جہاں غزوہ خندق میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خیمہ نصب تھا


۳۳

اسّی سال کے گناہ معاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص اسّی ۸۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے اسی سال کے گناہ معاف فرمادیں گے (ص ۱٦٦)




مسجدِ قبلتین جہاں دورانِ نماز قبلہ تبدیل ہوا

اولاد کو عزّت ملنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ

حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ کَذٰلِکَ

جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اُس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔ (ص ۱۶۴)



مسجد نبوی کی محرابوں کی خوبصورت قطار


٣٥

جنّت میں اپنا مقام دیکھنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ

جو شخص جمعہ کے دن ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو وہ اس وقت تک نہ مرے گا جب تک وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔ (ص ٦٠)



ریاض الجنۃ میں محراب النبی کے سامنے کا رُخ


٣٦

بڑے پیمانہ سے ثواب ملنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ

وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جو شخص چاہے کہ بڑے پیمانہ کے ساتھ اسکو ثواب دیا جائے تو اس کو چاہیئے کہ یہ درود شریف پڑھے۔ (ص ٣٢)



مسجدِ نبوی کا دلکش منظر


۳۷

صدقہ کے قائم مقام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق جس شخص کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے یہ اس کے لئے زکوٰۃ کے قائم مقام ہے۔
(ص ۵۲)



بابُ السلام اور اسکے عقب میں گنبدِ خضراء کی جھلک

٣٨

بڑا جامِ کوثر عطا ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

جو شخص رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوضِ کوثر سے بڑے پیمانہ کے ساتھ پانی نوش کرے، اسکو چاہیے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (ص ۹)



ریاض الجنۃ میں روضۂ اقدس کی جالیاں


٣٩

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا
هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ

جو شخص خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتا ہو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔ (ص ۱۰۶)



مسجد نبوی کے دو خوبصورت مینار

۴۰


افضل درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَعَیْنَیْہِ مِنْ جَمَالِکَ فَأَصْبَحَ

فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَیَّدًا مَّنْصُوْرًا

شیخ ابو عبداللہ بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں سو مرتبہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی، آخری مرتبہ میں انہوں نے حضور سے افضل درود شریف دریافت کیا تو آپ نے یہ درود شریف تعلیم فرمایا۔ (ص ۶۹)



مسجدِ نبوی کے دروازوں کا دلکش منظر


٤١

تمام اوقات میں درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

فِیْ اَوَّلِ کَلَامِنَا ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ اَوْسَطِ کَلَامِنَا ،
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ آخِرِ کَلَامِنَا

شیخ الاسلام ابو العباسؒ نے فرمایا جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے وہ گویا رات و دن کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔ (ص ١٩١)



گنبدِ خضراء کا جاذبِ نظر منظر

٤٢


ستر ہزار فرشتوں کا استغفار

جَزَی اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا مُحَمَّدًا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ مَا ھُوَ اَھۡلُہٗ

(معجم کبیر)

جو شخص یہ کہا کرے اسکے لئے ستر ہزار فرشتے ایک ہزار دن تک استغفار کرتے رہیں گے۔ (ص۴)


مسجدِ نبوی کا شب کا ایک منظر

۴۳

حسنِ خاتمہ کی بشارت


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کے لئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت واجب ہو گی جسمیں اس کے حسنِ خاتمہ کی بشارت ہے۔ (ص ۳۹)




خوبصورت کلمہ طیبہ



ہرقل بادشاہ قیصر روم کے نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نامہ مبارک کا عکس جمیل



مُہرِ نبوی جو اہم خطوط اور فرامین پر ثبت کی جاتی تھی



نعل مبارک کا نقشہ

توجّہ فرمائیں

قبر میں پہنچ کر ماں باپ، اولاد، بہن بھائی وغیرہ از رُوئے حدیث زندوں کی دُعا اور ایصالِ ثواب کے اِس طرح منتظر ہوتے ہیں جیسے ڈوبنے والا زندگی کا سہارا ڈھونڈتا ہے اس لئے اُن کو نہ بھولیں۔ یہ چند کتابچے ہیں جن میں چھوٹے چھوٹے اعمال لکھے گئے ہیں لیکن ان کا ثواب بہت زیادہ ہے ایصالِ ثواب کے لئے حسبِ استطاعت ان کو خرید کر ایسے مسلمانوں تک پہنچائیں جو عمل کرنا چاہتے ہوں۔

